فالسے کا شربت

موسم گرما میں فالسے کا شربت ایک تحفہ سے کم نہیں۔ فالسہ کیونکہ بہت کم عرصے کے لئے آتا ہے

اس لئے اس کا شربت بنا کر محفوظ کرلیا جائے تو کافی عرصے تک فالسے کے کھٹے میٹھے فرحت بخش مشروب کا لطف اٹھایا جاسکتا ہے۔

اس کے بنانے کا طریقہ درج ذیل ہے:

اجزاء

فالسہ آدھا کلو

چینی ایک کلو

پانی ایک لیٹر

ترکیب

ایک کھلے برتن میں فالسہ ڈال کر اسے خوب اچھی طرح سے مسل لیں(یا بلینڈر سے بلینڈ کر لیں)

اور پھر پانی ڈال کر باریک کپڑے میں چھان لیں۔ اس کے بعد اس میں چینی ڈال کر پکائیں

اور جب ایک تار بن جائے تو اتار لیں۔

ٹھنڈا ہونے پر شیشے کی صاف بوتل میں محفوظ کر لیں اور
بوقت ضرورت استعمال کر تے رہیں۔

جب بنانا ہو ایک گلاس پانی میں تین چمچ فالسے کا شربت
ڈال کر مکس کریں برف ڈال کر نوش فرمائیں

0307-8162003